۱۳۔	علامہ اقبال اور بلوچستان	160/-
۱۴۔	تحریک پاکستان اور بلوچستان (توضیحی کتابیات)	120/-
۱۵۔	تحریک پاکستان کا ایک اہم باب	50/-
۱۶۔	بلوچستان آزادی کے بعد 1947ء تا 1997ء	500/-
۱۷۔	مرزا غالب قومی و عالمی تناظر میں	130/-
۱۸۔	پاکستان موومنٹ اینڈ بلوچستان (آخری باب چاغی سے متعلق)	150/-
۱۹۔	بلوچستان میں نونہالوں کا ادب 1947ء تا 1999ء	200/-
۲۰۔	بلوچستان (فارورڈ پالیسی اور نتائج) بروس مترجم	200/-
۲۱۔	انوار ریئے	150/-
۲۲۔	پاکستان چند تاریخی اشارے	120/-
۲۳۔	پاکستان ان پروفائل	200/-
۲۴۔	گلزار عابد از عابد بلوچستانی (ری پرنٹ تقریباً ایک صدی پرانا) مع مقدمہ	60/-
۲۵۔	بلوچ قوم کی تاریخ (مصنف محمد سردار خان)	385/-
۲۶۔	بلوچستان کے قبائل (ڈسٹرکٹ گزیٹیئر)	490/-
۲۷۔	سرزمین بلوچستان (اے ڈبلیو، ہیوگز)	265/-
۲۸۔	بلوچستان اور سیستان کے خدوخال (جی پی ٹیٹ)	125/-
۲۹۔	پختون ولی (جیمز، ڈبلیو، سپین)	250/-
۳۰۔	سرزمین پختون (جیمز، ڈبلیو، سپین)	360/-
۳۱۔	شمال مغربی پاکستان اور برطانوی راج (سرجارج میکن)	260/-
۳۲۔	گزیٹیئر سندھ	325/-

۳۳۔	سیرت طیبہ سے رہنمائی اکیسویں صدی میں	120/-
۳۴۔	قائد بلوچستان میں	30/-
۳۵۔	قائداعظم اور بلوچستان	40/-
۳۶۔	قائداعظم، علی گڑھ تحریک اور بلوچستان	40/-
۳۷۔	قائداعظم، تحریک پاکستان اور صحافتی محاذ	60/-
۳۸۔	رومانئے (آپ بیتی)	250/-
۳۹۔	مطالعہ اقبال بلوچستان میں	70/-
۴۰۔	مادرملت اور بلوچستان	80/-
۴۱۔	مادرملت، سدا روشنی، توضیحی کتابیات، تاثرات	200/-
۴۲۔	یوسف عزیز مگسی	70/-

نام کتاب: سرور کونین کی مہک بلوچستان میں

مصنف: ڈاکٹر محمد انعام الحق کوثر

ناشر: مطبوعہ سیرت اکادمی بلوچستان کوئٹہ، طبع اول اگست 1997ء

قیمت: ۳۰۰/روپے

صفحات: ۴۵۸

کتاب سات ابواب پر مشتمل ہے پہلا باب براہوی کتب اور نعت گوئی، دوسرا باب بلوچی کتب اور نعت گوئی، تیسرا باب پشتو کے نعت گوشعراء، چوتھا باب فارسی گوشعراء کا نعتیہ کلام، پانچواں باب اردو نعت گوئی اور چند متعلقہ کتب، چھٹا باب بلوچستان میں نعتیہ مشاعرے ساتواں باب بلوچستان میں دینی مدارس۔ آخر میں کتاب کے مأخذ ومراجع کی فہرست ہے، پوری کتاب باحوالہ ہے لیکن کتاب کے مضامین کی عنوان سے مناسبت کامل نہیں ہے، موصوف نے ترتیب یہ رکھی ہے کہ پہلے مصنف کی مختصر سوانح بیان کرتے ہیں پھر اس مصنف کی جملہ کتب

خواہ وہ تفسیر وفقہ ہوں یا سیرت ونعت سب کا ذکر کرتے ہیں اور اس کے اقتباسات بھی پیش کرتے ہیں۔

مصنف موصوف کو ماشاء اللہ ان تمام زبانوں پر دسترس ہے لہٰذا عمدہ تجزیہ بھی پیش کرتے ہیں، یہ بلوچستان پر لکھنے والے ریسرچ اسکالرز کے لئے اہم مأخذ ہے۔

اگر کتاب کی اگلی طباعت میں فہرست مضامین جدید اسلوب میں مرتب کردی جائے جس میں ہر شخص کا نام عنوان کی شکل میں آجائے اور بالمقابل صفحہ نمبر لکھا ہو، اسی طرح کتاب میں تمام زیر تبصرہ شخصیات کے نام عنوان کی شکل میں کردیئے جائیں تو ریسرچ اسکالرز کے لئے اس کی افادیت میں بہت اضافہ ہوجائے گا۔ آخر میں (مطبوعہ ومخطوطہ کی صراحت کے ساتھ) زیر تبصرہ کتب کی مضامین کے لحاظ سے فہرست منسلک کردی جائے تو بہت مناسب ہوگا۔ یہ کتاب اس لائق ہے کہ ہر لائبریری کی زینت بنے۔

•••••••••••••••

نام کتاب: سیرت طیبہ ﷺ سے راہنمائی کیسویں صدی عیسوی میں

مصنف: ڈاکٹر محمد انعام الحق کوثر

ناشر: مطبوعہ سیرت اکادمی بلوچستان کوئٹہ، طبع اول اگست 2001ء

قیمت: ۱۲۰/روپے

صفحات: ۱۶۸

زیر نظر کتاب کے مضامین کا کتاب کے نام سے محدود تعلق ہے، درج ذیل پہلوؤں پر کتاب میں بحث کی گئی ہے۔ ۱۔ بلوچستان میں قرآن مجید کے تراجم وتفاسیر، ۲۔ حرمین کے سفرنامے، ۳۔ بلوچستان میں لکھی گئی کتب سیرت ونعت اردو، فارسی، براہوی، بلوچی اور پشتو میں، اس کتاب کی تیاری میں ''سرور کونین کی مہک'' سے استفادہ کیا گیا ہے، تراجم وتفاسیر کا مختصر جائزہ پیش کیا گیا اور تقریباً تمام معروف تراجم وتفاسیر کا احاطہ کیا گیا ہے علوم القرآن پر کتب کا ذکر نہیں کیا گیا ہے تراجم وتفاسیر کے پہلو پر متعدد کام پہلے بھی شائع ہوچکے ہیں اگر

انہیں پیش نظر رکھ لیا جاتا تو یہ تعارف زیادہ جامع ہو جاتا۔

•••••••••••••••

نام کتاب: صفہ پرایک نظر

مصنف: ڈاکٹر محمد انعام الحق کوثر

ناشر: یونائیٹڈ پرنٹرز کوئٹہ، جون ۲۰۰۱ء

صفحات: ۱۹

یہ مختصر کتابچہ ہے جس میں اصحاب صفہ کا تعارف، حالات، طریقہ تعلیم، نصاب تعلیم، طلباء کی تعداد اور ان کی گذر بسر کا مختصر انداز میں تعارف کروایا گیا ہے اس موضوع پر اس سے قبل متعدد جامع مضامین شائع ہو چکے ہیں جس میں قاضی اطہر مبارک پوری کا پیش کردہ مواد بہت جامع ہے طلبا و طالبات کو زیر تبصرہ کتابچہ کا مطالعہ کرنا چاہئے تاکہ دوران تعلیم مصائب و مشکلات میں ثابت قدمی پیدا ہو۔

•••••••••••••••

نام کتاب: ماہنامہ بنات حفصہ، کراچی

مدیراعلیٰ: ابن شیخ علی، مدیر مسئول مفتی محمد زبیر حق نواز صاحب ہیں۔

شمارہ نمبر: جلد۱، شمارہ۱، اپریل 2005ء

ملنے کا پتہ: پوسٹ بکس، نمبر 8241، فون 5046117۔ موبائل: 0300-3919909

یہ خواتین کا اسلامی ڈائجسٹ ہے، اس میں خواتین کے حوالے سے اگر مضامین کو شامل کیا جائے اور خواتین کو مخاطب بنایا جائے تو زیادہ بہتر ہوگا اس قسم کے ڈائجسٹ کا مزید اجراء ہونا چاہئے، یہ عہد حاضر کی اہم ضرورت ہے البتہ مضامین علمی انداز کے نہ ہوں ڈائجسٹ کے اسلوب میں ہوں عام فہم ہوں دلچسپ حکایات وقصص اس کا حصہ ہوں تو زیادہ بہتر ہوگا۔

رسالہ کے اجراء پر دونوں مدیر مبارکباد کے مستحق ہیں۔